www.KitaboSunnat.com

۴ - رہا یہ سوال کہ "کھانے کی دعوت شرعاً کس کس موقعہ پر جائز ہے؟"

تو اس کا جواب یہ ہے کہ کسی بھی خوشی کے موقعہ پر مسلمان بھائیوں، دوستوں اور متعلقین کی دعوت کی جا سکتی ہے، کوئی ممانعت نہیں۔ احادیث میں شادی کے موقع پر ولیمے کی دعوت، عقیقے کی دعوت، سفر سے واپسی پر دعوت، وغیرہ کا ذکر آیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو دینِ حنیف پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

هٰذَا مَا عِنْدِيْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ!

آسمانِ صحافت سے

کوکبِ علمی کا طلوع

جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن کی طرف سے ایک عظیم علمی، دینی، تبلیغی، تحقیقی، اصلاحی اور ادبی نہایت وقیع رسالہ بعنوان "مجلہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن" آسمانِ صحافت سے بڑی آب و تاب سے ایک کوکبِ علمی بن کر طلوع ہو رہا ہے۔ جس میں ملک کے جید علمائے کرام، عظیم اربابِ دانش، مشہور اہلِ قلم کے رشحاتِ فکر پوری باقاعدگی سے شائع ہوا کریں گے۔ خصوصاً معارفِ قرآن، معارفِ حدیث، مسائل و احکام، تحقیق و تنقید، تاریخ و سیر۔ تعارف و تبصرۂ کتب، رفتارِ عالم، شعر و ادب، یادِ رفتگان، افکارِ معاصرین، اور بحث و نظر کے مستقل عنوانات پر اربابِ دانش اور اصحابِ علم داد تحقیق دیا کریں گے ـــــ اس کے ادارۂ تحریر میں مولانا حافظ عبدالعزیز علویؔ، مولانا حافظ مقصود احمد، مولانا عبدالرشید راشدؔ، مولانا عبدالقادر ندوی اور مولانا ارشاد الحق اثریؔ شامل ہیں۔ اس کے رئیس التحریر مولانا قاضی محمد اسلم صاحب سیفؔ فیروز پوری ہوں گے۔

سالانہ بدلِ اشتراک مبلغ چالیس روپے۔ ششماہی پچیس روپے اور فی پرچہ چار روپے ہوں گے۔

تمام ایجنٹ حضرات مطلوبہ تعداد سے جلد مطلع فرمائیں۔

نوٹ: اس کا پہلا شمارہ اکتوبر کے پہلے ہفتہ میں منصۂ شہود پر آ رہا ہے۔

مینیجر مجلہ تعلیم الاسلام، جامعہ روڈ ماموں کانجن ضلع فیصل آباد

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ